06/03/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں شیخ انوا ر الحق

رائے سینا

وزیر اعظم نریندر مودی نے گزشتہ شام نئی دلی میں رائے سیناڈائیلاگ کے 11ویں شمارے کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ آج دنیا ایک غیر یقینی صورتحال سے گزر رہی ہے اور ایسے میں بھارت اور یورپ اپنے تعلقات کے سنہرے دور میں داخل ہو رہے ہیں۔

اس موقعے پر کلیدی خطبہ دیتے ہوئے فن لینڈ کے صدر Alexander Stubb نے کہا کہ بھارت نئے ورلڈ آڈر میں ایک اہم کردار ادا کرے گا کیونکہ عالمی منظر نامے میں بھارت کا قد لگاتار اونچا ہو رہا ہے ۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ سٹارٹ اپ نظام سے فائدہ اٹھا کر روز گار کے متلاشی بننے کے بجائے روزگار فراہم کرنے والے بن جائیں ۔شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچر سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی جموں میں کے تحت منعقدہ سٹارٹ اپ آؤٹ ریچ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہاکہ جموں کشمیر میںJKCIP جیسے اقدامات کی بدولت سٹارٹ اپ نظام فروغ پا رہا ہے ۔HADPاورJKCIP

اس موقعے پر زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور کئی دیگردیگر حکام بھی موجود تھے۔

صورتحال

مغربی ایشیاءمیں موجود ہ صورتحال اور اسرائیلی حملوں میں ایرانی رہبر اعلیٰ سید آیت اللہ علی خامنہ کے جاں بحق کئے جانے کے پیش نظر وادی خاص طور سے سرینگر شہر اور اس کے گرد ونواح میں احتیاطی اقدامات آج 5ویں روز بھی جاری رہیں گے۔

دریں اثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ امن و امان بنائے رکھے اور نقصِ امن پید اکرنے والے عناصر کے منصوبوں کو نا کام بنائیں ۔میڈیا نمائندوں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔

وزیر اعلیٰ سکل

دریں اثنا وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں کشمیر مینمشن سکل کیلئے ایکشن پلان ترتیب دینے کی غرض سے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔عمر عبداللہ نے اس موقعے پر جموں کشمیر کے نوجوانوں کو مارکیٹ موافق ہنروں سے لیس کرنے کیلئے مشن موڈ پر ایک جامع لائحہ عمل ترتیب دینے پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ روایتی نظام تعلیم سے اکثر ہمارے نوجوان جاب

مارکیٹ اور کارخانہ داری کیلئے درکار ہنروں سے محروم رہتے ہیں،لہٰذا مجوزہ مشن اس کمی کو دور کرنے اور جاب مارکیٹ کی ضروریات پورا کرنے کیلئے ہمارے نوجوانوں کو تیار کرے گا ۔میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ،وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی ، چیف سیکریٹری اٹل ڈلو اور دیگر کئی سینئر عہدیدار بھی موجود تھے۔

رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے کل ایک ورچول میٹنگ کے دوران ڈوڈہ ضلع کے ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوں نے بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر کام میں سرعت لانے ، ضلع میں آب پاشی کے نظام کو مضبوط بنانے اور سڑک روابط کو بہتر کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے اس سلسلے میں مختص کی گئی رقومات کے زیادہ سے زیادہ تصرف پر زور دیا ۔میٹنگ میں ممبر اسمبلی ڈوڈہ شکتی راج پریہار ، MLA بھدوارہ دلیپ سنگھ پریہار اور ضلع ترقیاتی کمشنر ڈوڈہ کشن لال اور کئی دیگر ضلع افسران نے شرکت کی ۔

سنگلا

حکومت نے جموں کشمیر آرٹیفشل انٹلی جنس مشن کی ترتیب اور عمل آوری کے سلسلے میں کوششیں شروع کر دی ہیں، تاکہ یونین ٹریٹری کے گورننس نظام میں مصنوعی ذہانت اور ابھرتی ٹیکنالوجی کے استعمال کو یقینی بنایاجا سکے ۔اس سلسلے میں کل انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے سیکریٹری ڈاکٹر پیوش سنگلا کی صدارت میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران ایک ادارہ جاتی فریم ورک کے قیام پر غور وخوض کیا گیا تاکہ سرکاری کام کاج اور پبلک سروس ڈیلوری نظام میں مصنوعی ذہانت کو بروئے کار لایاجا سکے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت6 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ 1ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ